# Maulana Azad National Urdu University

## Master of Social Work, IV Semester Examination - May 2018

## Paper : MMSW402CCT : Human Rights and Social Justice

## پرچہ : انسانی حقوق اور سماجی انصاف

Time : 3 hrs | Marks : 70

475

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) یوم عالمی انسانی حقوق کب منایا جاتا ہے؟

(a) 10 دسمبر (b) 9 دسمبر (c) 11 دسمبر (d) 12 دسمبر

(ii) بین الاقوامی تنظیم ہیومن رائٹس واچ کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) 1975 (b) 1976 (c) 1978 (d) 1977

(iii) مندرجہ ذیل میں این ایچ آر سی کو کون سے کام تفویض نہیں کیے گئے ہیں؟

(I) انسانی حقوق کے میدان میں کام کرنے والے اداروں اور تنظیموں کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کرنا

(II) انسانی حقوق کے میدان میں تحقیق کرنا اور فروغ دینا

(III) انسانی حقوق سے متعلق معاملات کو عدلیہ سے اپنے طور پر حل کرنے کی مانگ کرنا

(IV) بین الاقوامی معاہدوں اور دستاویزوں کا تجزیہ کر کے ان میں ترمیم کروانا

(a) پہلا اور دوسرا (b) دوسرا اور تیسرا (c) تیسرا (d) تیسرا اور چوتھا

(iv) اقوام متحدہ کے معاہدوں اور کونشنز کی دفعات میں کن کو مخاطب کیا جاتا ہے؟

(I) سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کو (II) اسٹیٹ اور پڑوسی ممالک کو

(III) اسٹیٹ کو (IV) ملک کے عوامی افسران کو

(a) پہلا اور دوسرا (b) صرف تیسرا (c) صرف چوتھا (d) دوسرا اور چوتھا

P.T.O

(v) ذیل میں دیے گئے اقوام متحدہ کے منشورات کو ان کے سن کے مطابق ترتیب دیجیے۔

I Convention on the Elimination of All Forms of Discrimination against Women

II International Convention on the Elimination of All Forms of Racial Discrimination

III Convention on the Rights of Persons with Disabilities

IV Convention on the Rights of the Child

(a) II, I, IV, III (b) IV, III, II, I (c) II, III, IV, I (d) II, I, III, IV

(vi) ہندوستان میں لیگل لٹریسی کے فروغ کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

(a) سرکاری ادارے (b) سول سوسائٹی (c) غیر سرکاری تنظیمیں (d) یہ سبھی

(vii) سوشل ورکرز کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ:

(I) پسماندہ طبقات کے لیے وکالت کریں

(II) اقوام متحدہ کے دستاویزات کو بطور ریفرنس استعمال کریں

(III) حکومت اور عوام کے درمیان معنی خیز مکالمہ کریں

(IV) عوام کے مجموعی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ذاتی مفادات کو بھی فروغ دیں

(a) پہلا اور دوسرا (b) مندرجہ بالا سبھی (c) صرف چوتھا (d) دوسرا اور چوتھا

(viii) نیشنل ہیومن رائٹس کمیشن کا قیام کب عمل میں آیا اور اس کی آفس کہاں واقع ہے؟

(ix) انسانی حقوق کا عالمی منشور اور ہندوستانی قانون کے بنیادی حقوق میں بہت زیادہ مماثلت نہیں ہے۔ (صحیح / غلط)

(x) سول لبرٹی اقدامات نے ملک میں کس طرح کی روایتوں کو قائم کیا؟

(a) بین الاقوامی تنظیموں سے رابطہ (b) پسماندوں کے سماجی اور معاشی اور سیاسی حقوق کی وکالت

(c) انسانی حقوق اور سماجی انصاف کے سوالوں پر بڑے پیمانے پر حکومت کو جوابدہ بنانا (d) دی گئی سبھی روایتیں

## حصہ دوم

2. سوشل ورک میں پی آئی ایل کی ضرورت پر روشنی ڈالیں۔

3. دوسری سطح کے انسانی حقوق کی بنیادی خصوصیات تحریر کریں۔

4. سماجی انصاف کی مختلف تھیوریز کو بیان کریں نیز کسی ایک تھیوری کو مثالوں سے واضح کریں۔

5. سماجی ناانصافی کے اثرات کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

6. ہندوستان میں سیول لبرٹی اقدامات پر بحث کریں۔

7. بحیثیت سوشل ورکرز حاشیائی طبقات کے انسانی حقوق اور سماجی انصاف کے فروغ کے لیے اپنے رول کو واضح کریں۔

8. انسانی حقوق کے ضمن میں سماجی قوانین کی اہمیت پر دلیل کے ساتھ بحث کریں۔

9. ہندوستان میں انسانی حقوق کو یقینی بنانے میں نیشنل ہیومن رائٹس کمیشن کے رول پر تنقیدی نظر ڈالیں۔

## حصہ سوم

10. انسانی حقوق کے Discursive اپروچ پر بحث کریں۔

11. انسانی حقوق کو یقینی بنانے میں بین الاقوامی تنظیموں کے رول پر تنقیدی بحث کریں۔

12. انسانی حقوق بطور استحقاق اور بطور دعویٰ، دونوں پہلوؤں پر بحث کیجیے۔

13. ہندوستانی سماج کو ذہن میں رکھتے ہوئے انسانی حقوق کی ضرورت پر ایک مدلل بحث کیجیے۔

14. کیا سوشل ورک پروفیشن، انسانی حقوق کا پروفیشن ہے؟ دلائل کی روشنی میں اپنی موقف کی وضاحت کریں۔